عزم کرنا چاہیے۔ ہمارے ملک کے سیاستدان اور حکمران نہیں چاہتے کہ علماء دیوبند متحد ہوں لیکن اللہ تعالیٰ سے دعا کرنی ہے کہ وہ اس کوشش کو ہر قسم کے شر سے محفوظ رکھے۔ ہماری جماعت کے تمام کارکن اس سلسلہ میں بھرپور تعاون کرینگے اور جو ایجنڈا تیار کیا گیا وہ قابل عمل بھی ہے اور وقت کی ضرورت بھی۔ میری جماعت کے جنرل سیکرٹری مولانا عبدالرؤف فاروقی صاحب نے بھی یقین دلایا ہے، میں بھی یقین دلاتا ہوں کہ اس جدوجہد میں ہم متفقہ فیصلوں کی پابندی کریں گے اور دیوبندی کارکنوں علماء اور مشائخ کی امنگوں پر پورا اتریں گے۔ اقول قولی هذا واستغفر الله لی ولکم

....

حضرت مولانا اظہار الحق حفظہ اللہ

ناظم اعلیٰ دارالعلوم کیلئے دعائے صحت کی اپیل

۹ رنومبر بروز اتوار دارالعلوم حقانیہ میں اپنے فرائض منصبی اور نماز ظہر ادا کرنے کے بعد ناظم اعلیٰ جامعہ دارالعلوم حقانیہ، فرزند شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحقؒ جناب حضرت مولانا الحاج اظہار الحق حقانی صاحب اپنی رہائش گاہ واقع بلمقابل جامعہ حقانیہ تشریف لے جاتے وقت سڑک عبور کرنے کے دوران ٹرک ڈمپر کی ٹکر (ایکسیڈنٹ) سے سخت زخمی ہوئے انہیں فوری طور پر ایمرجنسی علاج کے لئے نوشہرہ کے سی ایم ایچ ہسپتال پہنچایا گیا حضرت مولانا سمیع الحق بھی ان کے ہمراہ ہسپتال پہنچے جہاں انہیں پیشانی ہاتھ اور پاؤں پر چوٹیں لگنے کی وجہ سے ٹانکے لگوائے گئے ۔ ابتدائی طبی امداد کے بعد انہیں گھر لایا گیا اگلے روز مزید طبی تحقیقات کے لئے انہیں اسلام آباد کے شفاء انٹرنیشنل ہسپتال میں داخل کیا گیا جہاں سر میں اندرونی چوٹ کی تشخیص کی گئی اور اس سلسلے میں مزید علاج شروع ہوا آج کل وہ علالت کی وجہ سے صاحب فراش ہیں اور الحمدللہ آہستہ آہستہ روبہ صحت ہو رہے ہیں، اخبارات اور ٹی وی چینلز پر خبر نشر ہونے پر ہزاروں لوگ عیادت کے لئے خود تشریف آوری کر چکے ہیں اور اتنے ہی لوگ روزانہ موبائلز فون، خطوط اور میسجز پر بیمار پرسی اور یاد آوری کر رہے ہیں ادارہ ان سب حضرات کا حضرت مہتمم مولانا سمیع الحق، نائب مہتمم حضرت مولانا انوار الحق صاحب اور موصوف کے فرزندان اساتذہ دارالعلوم حقانیہ مولانا حافظ عرفان الحق، مولانا حافظ لقمان الحق اور ڈاکٹر حسیب الحق کی طرف سے شکریہ ادا کرتے ہوئے اپیل کرتا ہے کہ حضرت ناظم صاحب کی صحت کیلئے خصوصی دعائیں فرما کر ممنون فرمائیں...... (ادارہ)

....